| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ؤ' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ۔<br>حرف 'ؤ' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست ساخت / بناوٹ سے 'ؤ' لکھ سکیں۔<br>حرف 'ؤ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'حروف تہجی اردو کے' نظم سنائی جائے گی اور 'ا سے لے کرن' تک کا درست تلفظ، صوتی آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ؤ' کی پہچان، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ 'ؤ' بھی شرارتی نو ہے۔ اس کی آدھی شکل نہیں ہوتی۔ یہ حروف تہجی کا چونتیسواں حرف ہے۔ اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ؤ' درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے اور حرف 'ؤ' کے ذخیرہ الفاظ والی بال، ورق، وضو، وقت، ویگن، وکٹ اور وکیل کے بارے میں جانیں گے۔ تختہ سفید سیاہ پر لکیر کھینچ کر بچوں کو حرف 'ؤ' لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا۔ اور باری باری بچوں کو بلا کر حرف 'ؤ' لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 72 کھولنے کو کہا جائے گا۔ کہ حرف پر انگلی پھیریئے حرف 'ؤ' سے شروع ہونے والے الفاظ بتائے جائیں گے۔ اور آواز کی بار بار دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں وہ 'ؤ' کے کٹ آؤٹ پر رنگین ورق کے ٹکڑے کاٹ کر چسپاں کریں گے۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 72<br>ورک شیٹ<br>رنگین ورق | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'ؤ' کی صوتی آواز اور درست تلفظ پوچھا جائے گا۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ؤ' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ۔<br>حرف 'ؤ' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست ساخت / بناوٹ سے 'ؤ' لکھ سکیں۔<br>حرف 'ؤ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'حروف تہجی اردو کے' نظم سنائی جائے گی اور 'ؤ' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا درست تلفظ، صوتی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو 'ؤ' کے ذخیرہ الفاظ کی فلیش کارڈ / پی پی ٹی کے ذریعے دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم والی بال کے بارے میں بات کریں گے۔ بچوں کو والی بال دکھایا جائے گا اور بتایا جائے گا جیسے فٹ بال پاؤں سے کھیلا جاتا ہے۔ والی بال کو ہاتھوں سے کھیلا جاتا ہے۔ والی بال میں ہم ہاتھوں سے یا سر سے ہٹ کر سکتے ہیں پاؤں سے نہیں۔ اس میں درمیان میں نیٹ لگی ہوتی ہے اور اُس کے دونوں اطراف میں چھ چھ کھلاڑیوں پر مشتمل ٹیم ہوتی ہے۔ بچوں سے ہوا یا جلد پر انگلیوں کی مدد سے حرف 'ؤ' کی شکل بنوایئے اور بار بار دہرائی کروایئے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>'ا سے لے کر ؤ' تک حروف کے فلیش کارڈ ٹوکری میں رکھ دیں۔ بچوں کو بلایئے اور کہیے کہ ہر بچہ ایک ایک حرف نکالے۔ حروف تہجی کا گیت گاتے ہوئے ہر بچے سے کہیے کہ باری باری آئیں اور بورڈ پر ا سے لے کر و تک تمام حروف ترتیب سے لگا دیں۔ جب ن پر پہنچیں تو بچوں سے پوچھیں اگلا حرف کونسا ہے۔ درست جواب ملنے کے بعد 'ؤ' کا فلیش کارڈ بورڈ پر لگائیں۔ بچوں کو 'ؤ' کی ورک شیٹ دی جائے گی جس میں 'ؤ' سے بنی ہوئی چیزوں میں رنگ بھریں گے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے کہا جائے گا کہ ہوا میں حرف 'ؤ' لکھنے کی مشق کریں۔ | 5 منٹ<br><br>10 منٹ<br><br>20 منٹ<br><br>5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br><br>والی بال<br><br>ٹوکری، حروف تہجی فلیش کارڈ<br><br>ورک شیٹ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ؤ' کی پہچان، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'و' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ۔<br>حرف 'و' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست ساخت / بناوٹ سے 'و' لکھ سکیں۔<br>حرف 'و' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'و' فلیش کارڈ کے ذریعے دکھا کر اس کا نام صوتی آواز کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | حروف فلیش کارڈز | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'و' کی پہچان، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم وکیل کے بارے میں بات کریں گے ایک دن پہلے بچوں سے پوچھیں کہ جس کے پاس کالے رنگ کا پینٹ کوٹ اور سفید رنگ کی قمیض ہے وہ پہن کر آئے۔ پھر جو بچہ یہ لباس پہن کر آئے اُس کو کلاس کے سامنے بلائیں اور بتائیں کے وکیل ایسا یونیفارم پہنتے ہیں وہ عدالتوں میں جاتے ہیں اور لوگوں کے Cases لڑتے ہیں۔ بچوں سے کہیے کہ وہ آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں سے ہوا میں 'و' بنائیں اور یہ عمل تین سے چار بار دہرائیں۔ | 10 منٹ | اشیاء فلیش کارڈز | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>تختہ سفید سیاہ پر 'و' کی تصاویر اور دوسرے حروف کی تصاویر چپکائی جائیں گی اور باری باری ہر بچے کو بلا کر حرف 'و' سے شروع ہونے والی تصاویر کے گرد دائرہ لگانے کو کہا جائے گا۔ بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں وہ ویگن میں رنگ بھریں اور 'و' کی درست بناوٹ پر پنسل پھیریں گے۔ | 20 منٹ | ورک شیٹ | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں کو ویگن، وکٹ، وزن، ووٹ، والی بال کے فلیش کارڈ دکھا کر ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ اور پوچھا جائے گا کہ کیا وہ کوئی اور لفظ بتا سکتے جو 'و' سے شروع ہو۔<br>**گھر کا کام:**<br>ورک شیٹ میں 'و' کے گرد دائرہ لگائیں اور حرف 'و' پر پنسل پھیریں۔ | 5 منٹ | ورک شیٹ | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'و' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ۔ حرف 'و' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت/بناوٹ سے 'و' لکھ سکیں۔ حرف 'و' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:** حرف 'و' کا درست تلفظ،صوتی آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈز | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'و' کی پہچان، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی پر۔ |
| | **تعارف:** بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'و' کے مزید الفاظ جانیں گے۔بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے ویگن، وزن، وکٹ اور وکیل دکھائے جائیں گے ان کے نام اور ابتدائی آواز بتائی جائے گی۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:** بچوں سے کہیے 'و' سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتائیں۔ان کے جوابات بورڈ پر تحریر کر دیئے جائیں۔ ہر لفظ میں حرف 'و' کے گرد دائرہ لگائیں بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 73 کھولنے کو کہا جائے گا۔ دی گئی تصاویر کے نام پوچھے جائیں گے۔بچوں سے پوچھا جائے گا کہ آپ کون سا حرف سیکھ رہے ہیں۔ بتایئے بچوں کو کہا جائے گا حرف 'و' کو اس سے شروع ہونے والے الفاظ سے ملایئے اور نیچے دی گئی 'و' کی درست بناوٹ پر پنسل پھیریے اور لکھیے۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 73 | |
| | **اختتامیہ:** تختہ سیاہ/سفید پر لکیر کھینچ کر 'و' کی مشق کروائیں۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ؤ' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ۔<br>حرف 'ؤ' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست ساخت / بناوٹ سے 'ؤ' لکھ سکیں۔<br>حرف 'ؤ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'ؤ' کے تمام فلیش کارڈ دکھا کر ان کی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو وضو اور وقت کے فلیش کارڈ دکھائے جائیں گے۔ بچوں کو اُن کے نام بتائے جائیں گے بچوں سے پوچھا جائے گا کہ کیا وہ جانتے ہیں وضو کیا ہوتا ہے ہمیں وضو کب کرنا چاہیے۔ بچوں کو گھڑی کا فلیش کارڈ دکھا کر کہا جائے گا کہ گھڑی سے ہمیں وقت کا پتہ چلتا ہے بچوں کو بتایا جائے گا کہ وقت پر وضو کرنے سے نماز پڑھنے پر اللہ تعالیٰ خوش ہوتے ہیں۔ اس لیے ہمیں چاہیے کہ ہم اس بات پر عمل کریں۔<br>بچوں کو بتائیں کہ اگر ہم ہر کام وقت پر کریں تو اس سے ہماری زندگی میں بہت سے کام آسان ہو جائیں گے۔ بچوں کو Sand Tray دے کر 'ؤ' لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی میں حرف 'ؤ' لکھنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی۔ تا کہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'ؤ' کی صوتی آواز اور اُس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف 'ؤ' لکھیں۔ | 3 منٹ<br>5 منٹ<br><br>30 منٹ<br><br>2 منٹ | فلیش کارڈ<br>Sand Tray<br>کاپی ورک | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ؤ' کی پہچان، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی پر۔ |